Fikr-o-Nasar (Islamabad) 20:4 (1982)
© rasailojaraid.com

# تلمود

سید عبدالقدوس ہاشمی

کہا جاتا ہے کہ اس وقت دنیا میں یہودیوں کی تعداد تقریباً ڈیڑھ کروڑ ہے یہ لوگ ایک خاص نسل سے تعلق رکھتے ہیں اور اپنی نسلی خصوصیات کو بڑی سختی اور پابندی کے ساتھ قائم رکھتے ہیں۔ حتیٰ کہ کسی یہودی مرد کی وہ اولاد جو غیر یہودی عورت سے ہو یا کسی یہودیہ عورت کی اولاد جو غیر یہودی مرد سے ہو، وہ بھی یہودی نہیں ہو سکتی اور نہ کوئی دوسری نسل کا آدمی مرد ہو یا عورت ان کے عقائد و اعمال اختیار کر کے یہودی بن سکتا ہے یہ لوگ حضرت یعقوب بن اسحٰق علیہما السلام کی اولاد ہونے کا دعویٰ رکھتے ہیں۔ حضرت یعقوب کا دوسرا نام اسرائیل تھا۔ اس لئے انہوں نے اپنا نام بنی اسرائیل یعنی اسرائیل کی اولاد رکھ لیا ہے۔

۱۵ مئی ۱۹۴۸ء کو برطانیہ، امریکہ اور روس کے اتفاق اور خصوصیت کے ساتھ امریکہ و برطانیہ کی امداد و عنایات سے بنی اسرائیل کی ایک چھوٹی سی حکومت بھی فلسطین میں قائم ہو گئی ہے جو مسلمانوں اور مسیحیوں کے لئے ایک زہرناک ناسور بنی ہوئی ہے اور دیکھئے کب تک بنی رہتی ہے۔

عام طور پر مشہور ہے کہ یہودی یا بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اُمتی ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب تورات کے احکام پر عامل ہیں۔ علاوہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مناسب کتربیونت کے بعد شائع ہوتا ہے اور یہودی سیاست و معاشیات کا حصہ تو قطعاً خارج کر دیا جاتا ہے۔

بہرحال جو تھوڑی بہت ہمیں اس کتاب کے متعلق معلومات میسر آسکی ہیں وہ پیش ہیں یہ معلومات تلمود کے قلمی نسخہ موجودہ برطانوی میوزیم، الدر المنضود عربی اور انگریزی کتاب انٹروڈکشن تو تلمود و مدراش کے مطالعہ پر مبنی ہیں۔

## تلمود

لفظ تلمود عبرانی زبان کا لفظ ہے یہ مصدر لمد سے بنا ہے، عبرانی میں اس کا املا یہ ہے דמל (م 7 اس کے لفظی معنی سکھانا، تعلیم دینا اور تعلیم پانا۔ اس سے فعل بنتا ہے (דמל) لمد۔ الد اسی سے لفظ تلمد بمعنی تلمیذ یا شاگرد بنا ہے۔

عربی میں تلمذ علیہ (اس کا شاگرد ہوا۔ سبق حاصل کیا) اور تلمیذ مستعمل ہے۔ یہ لفظ عربی میں عبرانی سے آیا ہے۔ یا عبرانی میں عربی سے گیا ہے۔ اس کا فیصلہ آسان نہیں ہے عبرانی زبان عربی سے زیادہ قدیم نہیں ہے اور عربی میں تلمذ اور تلمیذ کا لفظ بھی نیا نہیں ہے۔ بڑی مدت سے استعمال ہو رہا ہے۔ عبرانی زبان میں ذال کی آواز موجود ہے مگر اس کے لئے عبرانی حروف میں کوئی حرف موجود نہیں ہے اسی طرح عبرانی حروف تہجی میں غین کی آواز کے لئے کوئی حرف نہیں ہے حالانکہ زبان میں یہ آواز موجود ہے اسے ادا کرنے کے لئے حرف جیمل پر ایک نقطہ کا اضافہ کر کے اسے غیمل کہتے ہیں۔

عبرانی حروف تہجی صرف ۲۲ حروف کا مجموعہ ہے اس میں ث، خ، ذ، ض، ظ، غ (ثخذ ضظغ) موجود نہیں ہے عبرانی کے حروف تہجی ترتیب ابجدی میں حرف تاو (ت) یعنی قرشت کے آخری حرف پر ختم ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ عبرانی زبان میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چاہے وہ سوال کرنے پر انکار ہی کر دیں لیکن اعتقاد اور عمل میں وہ تلمود کے تابع ہیں تورات جیسی کچھ بھی آج موجود ہے اُن کا اس سے واسطہ تعظیم و بزرگ یادداشت کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔

مسلمانوں نے تو یہودیوں کی معاندانہ روش کے باوجود ان کے ساتھ کبھی دشمنی اور عداوت کا سلوک نہیں کیا بلکہ اس کے برخلاف ان کو بڑے بڑے عہدے دیئے ہر بُرے وقت میں ان کو اپنے گھر میں پناہ دی۔ حتیٰ کہ بعض بادشاہوں نے ان کو عہدۂ وزارت پر بھی فائز کیا اور کوئی دقیقہ ان کی دلجوئی اور ان کے ساتھ غیر معمولی مراعات کا اٹھا نہ رکھا۔ اگرچہ یہ سلوک نہ مسلمانوں کی دانشمندی تھی اور نہ قرآنی احکام کی متابعت بلکہ صریحاً ہدایات الٰہیہ کی نافرمانی اور حکمرانی میں سفیہانہ غفلت تھی لیکن بہرحال یہ ہوا اور تاریخ شاہد ہے کہ ہمیشہ ہوتا رہا۔ لیکن عیسائیوں نے تالمود کے احکام پر واقفیت حاصل کرنے کے بعد ان کے ساتھ دشمنوں کا سا سلوک کرنے ہی میں اپنے لئے عافیت دیکھی اور خصوصیت کے ساتھ تلمود ان کے لئے کبھی قابل برداشت نہیں رہی۔

۵۵۳ء میں تالمود اور دیگر عبرانی کتابوں کی اشاعت ممنوع قرار دی گئی۔

۱۲۳۹ء میں پوپ گریگوری کی عدالت میں تالمود کے خلاف مقدمہ دائر ہوا اور فیصلہ یہودیوں کے خلاف صادر کیا گیا۔

۱۲۴۴ء میں پیرس میں تلمود کے تمام کے تمام نسخے جلا دیئے گئے۔

۱۲۶۳ء میں بارسلونا سے تلمود اور اسی کے ساتھ یہودیوں کو بھی جلا وطن کر دیا گیا

۱۴۹۰ء میں کلیمنٹ چہارم نے ایک کمیشن کے ذریعہ تلمود کی تنقیح کرائی۔

۱۵۰۹ء میں فرینک فرٹ (جرمنی) میں تمام نسخے جلا دیئے گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۵۱۴ء میں اٹلی میں تلمود کے خلاف طوفان اُٹھا۔

۱۵۴۰ء میں وینس میں تلمود کو تلف کیا گیا۔

۱۵۸۱ء میں یہودیوں نے مجبوراً تلمود کے وہ تمام حصے جو کسی طرح عیسائیوں کے خلاف تھے خارج کر کے اس کی طباعت کا انتظام کیا (بیسل ایڈیشن)

۱۵۷۰ء میں پھر انگلستان اور جرمنی میں تلمود کے خلاف طوفان اٹھا اور ڈھونڈ ڈھونڈ کر اس کے نسخے جلائے گئے۔ یہ چند نمونے تھے۔ اگر فہرست مکمل کرنے کی کوشش کی گئی تو بڑی طویل ہو جائے گی جس کی ایک مختصر سے مضمون میں گنجائش نہیں ہے۔ البتہ اتنے سے واقعات کو دیکھنے کے بعد یہ سوال تو بہر حال ہر دماغ میں پیدا ہو جاتا ہے کہ عیسائی ہزار متعصب اور ناروا دار ہوں، دیوانے، وحشی اور پاگل تو نہیں ہیں کہ تلمود کو برداشت نہیں کر سکتے۔ یہ کتاب وہ ہے جسے یہود آسمانی کتاب کا درجہ دیتے ہیں اور جس کے احکام و ہدایات پر عمل پیرا ہونا واجب سمجھتے ہیں بلکہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ جو شخص سر مو بھی تلمود سے اختلاف کرے گا اس پر خدا کا غضب نازل ہوگا اور اس پر موت وارد ہوگی۔ اتنی عظیم المرتبت کتاب میں ایسی کیا بات لکھی ہے کہ عیسائیوں کے لئے کسی طرح قابل برداشت نہیں ہے۔

اس سوال کا پورا جواب تو صرف اسی صورت میں میسر آسکے گا جب کوئی شخص پوری کتاب تلمود کی پوری سات جلدیں غور سے پڑھے اور یہ ظاہر ہے کہ سب کو ایسی فرصت کہاں میسر ہے کہ وہ اتنا طویل و عمیق مطالعہ کر سکے، اس لئے تلمود کی ہدایات میں سے صرف چند نمونے پیش کئے جاتے ہیں شاید اتنے سے انتخابات سے بھی یہ بات سمجھ میں آجائے کہ عیسائی نہ تو دیوانے، وحشی اور پاگل ہیں اور نہ نسلی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دشمنی کا کوئی پوشیدہ جذبہ ان میں کم ازکم اس سلسلہ میں کارفرما تھا اور یہ بھی اندازہ ہوجائے گا کہ مسلمانوں نے جو رواداری اس سلسلہ میں برتی وہ محض بے پروائی اور غفلت بلکہ قرآنی احکام کی خلاف ورزی تھی۔ کوئی قابل تعریف رویہ نہ تھا۔ قرآن مجید سارے بنی نوع انسانی سے محبت اور ان کی بہی خواہی کا حکم دیتا ہے لیکن وہ مومن اور کافر کے مابین فرق بھی کرتا ہے اور اہل ایمان کو کفار سے ہوشیار رہنے کا بھی حکم دیتا ہے اور بڑی تاکید کے ساتھ ہدایت فرماتا ہے کہ:۔

| | |
|---|---|
| یاایھا الذین آمنوا لا تتخذوا بطانۃ من دونکم لا یألونکم خبالاً ودّوا ما عنتّم قد بدت البغضاءُ مِنْ افواھھم وَمَا تخفی صدورھم اکبرُ، قد بیّنّا لکم الآیات ان کنتم تعقلون ہ (سورۂ آل عمران آیت ۱۱۸) | اے ایمان والو! اپنے لوگوں کے سوا دوسروں کو رازدار نہ بناؤ۔ وہ تمہاری تباہی کے لئے کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھتے جو بات تمہیں دکھ دے وہی چاہتے ہیں کچھ دشمنی تو ان کے منہ سے ظاہر ہو جاتی ہے اور جو کچھ ان کے سینوں میں چھپا ہوا ہے وہ اس سے بہت زیادہ ہے ہم نے علامات تمہارے لئے واضح کردی ہیں اگر تم عقل سے کام لو |

اور یہودیوں کی معاندانہ تدابیر کے متعلق تو وضاحت کے ساتھ سمجھاتا ہے :۔

| | |
|---|---|
| وَاِن کان مکرھم لتزول منہُ الجبالُ (سورہ ابراہیم۔ آیت ۴۶) | اگرچہ ان کی تدبیریں ایسی تھیں کہ پہاڑ بھی ان سے ٹل جائے۔ |

اگر ان صریح ہدایات کے بعد بھی مسلمانوں نے یہودیوں کے ساتھ اپنوں کا سا سلوک کیا تو یقیناً غفلت و حماقت کا عمل کیا۔ اور قرآن مجید کی ہدایات کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے اس لئے کوئی تعجب کی بات نہیں کہ آج مسلمان یہودیوں کے ہاتھوں عذاب الٰہی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں مبتلا ہیں۔

یہود کی کتاب تلمود جو دنیا کے سارے یہودیوں کا دینی و دنیاوی دستور ہے اس کے چند اقتباسات یہ ہیں۔

۱۔ یہودی اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام فرشتوں سے زیادہ محبوب ہیں۔ یہود اللہ تعالیٰ سے وہی عنصری تعلق رکھتے ہیں جو کسی بیٹے کو اپنے باپ سے ہوتا ہے۔

۲۔ اگر یہود دنیا میں نہ ہوتے تو آفتاب طلوع نہ ہوتا اور نہ زمین پر کبھی مینہ برستا۔

۳۔ اللہ نے تمام انسانوں کے کمائے ہوئے مال و منال پہ یہود کو تسلط و تصرف کا اختیار کامل دے دیا ہے۔

۴۔ جو یہودی نہیں ہے اس کا مال، مال متروکہ کا حکم رکھتا ہے۔ یہودیوں کو یہ حق حاصل ہے جس طرح چاہیں اسے اپنے قبضہ میں لائیں اور جو تصرف چاہیں کریں۔ یہی حکم ان عورتوں کے لئے ہے جو نسلاً یہودیہ نہیں ہیں۔

۵۔ اللہ نے اپنی پسندیدہ نسل یہود کے اختیار میں تمام حیوانوں اور انسانوں کو دے دیا ہے۔ اس لئے کہ اُسے معلوم ہے کہ یہود کو جانوروں کی دونوں قسموں کی ضرورت ہے۔ ایک تو وہ جانور جو بات چیت نہیں کیا کرتے مثلاً چوپائے، طیور، دوسرے وہ جانور جو بات چیت کرتے ہیں۔ اس قسم میں مشرق و مغرب کے تمام وہ لوگ داخل ہیں جو یہودی نسل کے نہیں ہیں۔

اللہ نے ان سب کو ہمارے اختیار میں اس لئے دیا ہے کہ ہم ان سے جس طرح چاہیں اپنی خدمت لیں۔

۶۔ ہر یہودی کا یہ فرض ہے کہ غیر یہودیوں کے قبضہ میں کسی مال کے جانے کو روکے تاکہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دنیا کے ہر مال کی ملکیت یہود اور صرف یہود کے لئے باقی رہے۔

۷۔ کسی یہودی کو اگر فائدہ پہنچ رہا ہو یا کسی غیر یہودی کو نقصان پہنچ سکتا ہو تو جھوٹ بولنا، جھوٹی گواہی دینا اور دھوکہ فریب سے کام لینا نہ صرف جائز ہے بلکہ واجب ہے۔

۸۔ کسی غیر یہودی کی سلامتی یا اس کی بہتری کے لئے کوئی تمنا اپنے دل میں ہرگز نہ آنے دو۔

۹۔ اگر کوئی آبادی تمہارے (اے یہودیو!) قبضہ میں آجائے تو وہاں کے تمام لوگوں کو قتل کر دو، تم کو اس کی قطعاً اجازت نہیں ہے کہ اپنے پاس کوئی قیدی رکھو، عورت، مرد بوڑھے، بچے سب قتل کر دیئے جائیں۔

۱۰۔ جس سرزمین پر یہودیوں کا قبضہ نہیں ہے وہ نجس و ناپاک ہے اس لئے کہ پاک و طاہر صرف یہودی ہوتے ہیں اور وہ سرزمین پاک ہوتی ہے جس پر یہودیوں کا قبضہ ہو۔

ویسے تو کتاب تلمود کے مکمل سات حصے اسی قسم کی عجیب و غریب ہدایات سے بھرے ہوئے ہیں اور عملاً اس کے پابند بھی ہیں لیکن صرف یہ دس اقتباسات ہی اس بات کے لئے کافی ہیں کہ امریکہ کے مشہور و معروف صنعت کار ہنری فورڈ نے جب مسیحی اقوام کے ہاتھوں یہودیوں کی تکالیف کا ذکر کرتے ہوئے یہ لکھا تھا کہ:

"یہودیوں کے مصائب اور ان پر آنے والی آفتیں انسانیت کے خلاف ان کے جرائم اور آدمیت کے خلاف ان کی چیرہ دستیوں کے اکتشاف کا لازمی و طبعی نتیجہ تھیں۔"

تو ہنری فورڈ نے کوئی غلط بیانی نہیں کی تھی۔

یہودی بڑے سخت قسم کے نسلی جنون میں مبتلا ہیں اور انتہائی رازداری کے ساتھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طویل منصوبہ بندی کر کے تلمود کے احکام کے بموجب عمل کرتے ہیں ان کے صومعات اور دوسرے جماعت خانے غیر یہودیوں کے لئے آہنی سختی کے ساتھ بند اور پر اسرار ہوتے ہیں کہ برہمنوں کے مٹھ اور شوالے بھی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے وہ بڑی آسانی کے ساتھ بوقت ضرورت کوئی دوسرا مذہب اختیار کر لیتے ہیں لیکن اپنے نسلی تعصب کو نہیں چھوڑتے بلکہ اور شدت کے ساتھ خفیہ طور پر تلمود کی ہدایات کے بموجب کام کرتے رہتے ہیں پھر جب کہیں اُن کے کرتوت ظاہر ہو جاتے ہیں تو انہیں انتقامی حرکتوں کا شکار ہونا پڑتا ہے اور تاریخ کے صفحات اس پر شاہد ہیں کہ وہ کبھی دوسروں کے ساتھ مل کر نہیں رہ سکے ہر ملک اور ہر زمانہ میں اپنے ہموطنوں کے دشمن بنے رہے۔ قومی اور مذہبی تعصب کوئی بُری چیز نہیں ہے اور تعصب انسان کا جوہر شرافت ہے جس میں تعصب نہ ہو وہ بے غیرت اور کمینہ آدمی ہے نہ اپنے گھر کے کام کا ہے اور نہ اپنی قوم کے کام کا لیکن ہر بات کی طرح تعصب کے بھی حدود و مواقع ہیں یہ ٹوٹ گئے تو آدمی دوسروں کے لئے عذاب اور اپنوں کے لئے باعث ننگ ہو جاتا ہے اور یہی نکتہ باوجود علم و دانش یہودیوں کی سمجھ میں کبھی نہ آسکا اور وہ ساری دنیا کے لئے عذاب بنے رہے۔

بیروت لبنان میں یہودیوں کے حالیہ مظالم معصوم بچوں اور بے گناہ عورتوں کا امن کے وقت میں فوجیوں کے ہاتھوں ذبح کیا جانا، اس پر شاہد ہے کہ یہودی تعلیمات تالمود کے مطابق عمل کرنے کا کوئی موقع کبھی نہیں چھوڑیں گے۔ اس کے لئے بیروت کا شہر اور مسلمان فلسطینیوں کا وجود ضروری نہیں۔ انہیں موقع ملے تو امریکہ اور ویٹیکن میں عیسائیوں کے خلاف بھی ایسے مظالم سے کبھی نہیں چوکیں گے۔

© rasailojaraid.com